ویسٹرن آسٹریلیا کا کارڈ 'مجھے انٹرپریٹر کی ضرورت ہے؛

میری پہلی زبان یہ ہے:

مجھے یہ زبان بھی آتی ہے:

Urdu

اگر آپکو انگلش میں بات کرنا مشکل لگتا ہے تو اس کارڈ کو دیکھ کر سرکاری اداروں کو پتہ چل جائے گا کہ آپکو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہے۔

یہ کارڈ سٹی کے Civic Centre میں استقبالیہ ڈیسک پر یا روتھ فاکنر پبلک لائبریری میں مل جائیں گے۔

میں کارڈ کو کیسے استعمال کروں؟

- آپ جو زبان بولتے یا استعمال کرتے ہیں، اسکا نام کارڈ کے سامنے والی طرف انگلش میں لکھیں۔
- اگر آپ ایک سے زیادہ زبانیں بولتے یا استعمال کرتے ہیں تو اپنی زیادہ اچھی سے کم اچھی زبانوں کی ترتیب میں انہیں کارڈ پر لکھیں۔
- اگر ضرورت ہو تو اس شخص سے مدد مانگ لیں جس نے آپکو کارڈ دیا ہے۔
- اگر آپکو کوئی سرکاری سروس استعمال کرتے ہوئے انٹرپریٹر کی مدد درکار ہو تو اپنا کارڈ عملے کو دکھائیں۔
- عمہ آپ کے لیے (ذاتی طور پر موجود یا فون پر) اس انٹرپریٹر کے بندوبست کی کوشش کرے گا جو آپکی زبان بولتا ہے۔
- اگر آپکی پہلی زبان بولنے والا انٹرپریٹر نہ مل سکے تو عملہ آپکی دوسری یا تیسری زبان بولنے والا انٹرپریٹر تلاش کرنے کی کوشش کرے گا۔